| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | جملہ سازی | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مکمل اور بامعنی جملہ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے رشتوں کے نام اور الفاظ الٹ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>تعارف:<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر مختلف الفاظ پانی، چائے، دادا، گانا، ٹوپی، باجا، میرا لکھ کر پڑھائی کروائی گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ سب الفاظ ہیں۔ اگر ہم الفاظ کو جوڑ کر لکھیں تو ایک جملہ بن جاتا ہے۔ الفاظ کے مجموعہ کو جملہ کہتے ہیں۔ ہمارا آج کا عنوان جملہ سازی ہے۔ تختہ سفید پر لکھیں باجا ہے۔ بچوں سے پوچھیے کیا آپ کو یہ جملہ نامکمل سا نہیں لگ رہا؟ اس سے کوئی بات سمجھ آ رہی ہے؟ اگر ہم لکھ دیں ' یہ میرا باجا ہے' تو یہ مکمل جملہ ہے۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ بچوں کو الفاظ کے فلیش کارڈ دے کر ایک مکمل اور بامعنی جملہ بنانے کو کہا جائے گا۔ جملہ بنانے کے بعد ہر گروپ اپنا جملہ با آواز بلند جماعت میں پڑھ کر سنائیں گے۔<br>کتاب صفحہ 21 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جملے پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی کروائی جائے گی۔<br>تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں کو مختلف الفاظ دے کر جملہ سازی کرنے کو کہا جائے گا۔<br>گھر کا کام:<br>کتاب صفحہ 15 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | کتاب صفحہ 15,21 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا درست جملہ سازی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | جملہ سازی | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مکمل اور بامعنی جملہ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے باری باری اپنی مرضی کا ایک جملہ بتانے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا درست جملہ سازی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>کو ، سو ، لائے ، گاتی ، شام ، ہے ، پودے ، دے ، پاس ، لایا فلیش کارڈ دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو ان الفاظ کو استعمال کر کے ایک ایک جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ | 10منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سیاہ/سفید پر لکھے گی سارہ گانا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رہی ہے ان الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر باری باری بچوں سے ان کی پڑھائی کروائے گی۔ بچوں کو بتائے گی کہ جو لفظ اس جملے کو مکمل کرتا ہوگا اُس پر رک جانا ہے سب بچوں کو اس سرگرمی میں شامل کیا جائے گا۔<br>کتاب صفحہ 22 کھولنے کو کہا جائے گا۔ درست لفظ چن کر خالی جگہ میں لکھ کر جملے مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ 22 | |
| | **اختتامیہ:**<br>آج کے دن پڑھائے گئے جملوں کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | جملہ سازی | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ مکمل اور بامعنی جملہ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مختلف الفاظ دکھا کر جملہ بنانے کو کہا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ جملہ سے مراد الفاظ کی ترتیب یا بے ترتیب نہیں ہے جملہ الفاظ کی ایک با مقصد ترتیب ہے جو معنی بیان کرتی ہے۔ الفاظ کو جمع کر کے جو جملہ بنتا ہے وہ سوالات کرنے، جذبات کا اظہار کرنے کہانیاں بیان کرنے کا ایک فریم ورک مہیا کرتا ہے۔معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر مختلف جملے لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو الفاظ فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔جن کو وہ مکمل کر کے ایک جملہ بنائیں گے۔باری باری سب بچوں سے یہ سرگرمی کروائی جائے گی ۔مثال کے طور پر ایک بچے کو لائے، ابو، س، کاپی کے فلیش کارڈ دے کر پوچھا جائے کہ اس جملے میں کتنے الفاظ ہیں؟ ان الفاظ کو درست ترتیب دے کر جملہ بتائیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ 34 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جملے، پڑھنے، لکھنے اور تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>کتاب صفحہ 34 پر دیئے گئے جملے بورڈ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر جملوں کی لکھائی کیجئے۔(معلمہ کاپی ایک دن پہلے تیار کرے)۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | کتاب صفحہ<br>34 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا درست جملہ سازی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | جملہ سازی | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مکمل اور بامعنی جملہ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>کل، شام، نل، پانی، امی، ابو کے فلیش کارڈ دکھا کر الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>تعارف:<br>معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ جملہ کسے کہتے ہیں؟ بچوں کو یاددہانی کروائی جائے گی کہ جملہ الفاظ کا مجموعہ ہے۔ کتاب صفحہ 40 پر لکھے جملے معلمہ تختہ سیاہ پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کرنے کو کہے گی۔ جملے پڑھتے وقت معلمہ پوچھے گی کہ کیا یہ جملے مکمل ہیں؟ سردی میں باہر مت جاؤ۔ اس جملے میں کتنے الفاظ ہوئے ہیں۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کتاب صفحہ 40 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جملے پڑھنے، لکھنے اور تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں سے جملوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں شربت اور پری سے کوئی دو جملے لکھیں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | کتاب صفحہ 40 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا درست جملہ سازی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | جملہ سازی | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مکمل اور بامعنی جملہ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں سے مختلف الفاظ لکھ کران کے جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا درست جملہ سازی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر کل رات پری آئی لکھے گی اور بچوں سے پوچھے گی کہ کیا وہ یہ جملہ پڑھ سکتے ہیں۔معلمہ دوبارہ یہ جملہ کل رات پری آئی لکھے گی اور پوچھے گی کیا اب وہ یہ جملہ پڑھ سکتے ہیں؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جملہ لکھتے وقت الفاظ کے درمیان ایک انگلی برابر فاصلہ دینا ضروری ہوتا ہے اور جملے کے آخر میں ختمہ (۔) کا استعمال کیا جاتا ہے تاکہ پتا چل سکے کہ جملہ مکمل ہوگیا ہے۔مختلف جملوں سے مثال دے کر بتایا جائے گا۔ | 10منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر نامکمل جملے لکھے گی اور اس کا بقایا جملہ کاغذ پر لکھ کر ٹوکری میں رکھے گی۔ بچوں اور باری باری بُلا کر اس کا بقایا جملہ ٹوکری سے تلاش کرنے اور پڑھنے کی سرگرمی کروائی جائے گی مثال کے طور پر (ریت میں آگ) تختہ سفید سیاہ پر لکھا جائے گا۔ (جل رہی ہے) کاغذ پر۔ بچوں سے کتاب صفحہ 46 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جملوں کو تختہ سفید سیاہ پر لکھ کران کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ پھر نیچے دیے گئے جملے مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | رنگین کاغذ<br>کتاب صفحہ<br>46 | |
| | اختتامیہ:<br>کلاس میں پڑھائے گئے جملے پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | |